منیش گپتا قتل معاملہ: جانچ میں سبھی پولیس اہلکار قصوروار!

محکمہ جاتی جانچ مکمل، سبھی ملزمان ہوں گے برخاست، ہوٹل کا سی سی ٹی وی فوٹیج وائرل

کانپور، (ایس این بی) شہر کے ریئل اسٹیٹ تاجر منیش گپتا کے گورکھ پور میں پولیس کی پٹائی سے ہوئے قتل معاملے کی محکمہ جاتی جانچ پوری ہوگئی ہے۔ جانچ میں سبھی ملزم پولیس اہلکار قصوروار پائے گئے ہیں۔ پولیس اہلکاروں پر ڈسپلن شکنی کا الزام بھی لگا ہے۔ جانچ میں پتہ چلا ہے کہ سارے قصوروار ملزم پولیس اہلکاروں نے افسران کو گمراہ کرنے کی کوشش کی۔ انہوں نے افسران کے احکامات پر عمل کرنے میں لاپروائی برتی۔

منیش گپتا معاملے میں ایک ویڈیو بھی جمعرات کو سامنے آیا ویڈیو میں نظر آ رہا ہے کہ منیش زمین پر پڑا ہے اسے پولیس اٹھا کر لے جا رہی ہے۔

ذرائع کے مطابق ایس پی شمالی منوج کمار اوستھی نے منیش گپتا قتل معاملے کی جانچ رپورٹ ایس ایس پی ڈاکٹر وپن کمار تانڈا کو سونپ دی ہے۔



کانپور: ہوٹل کے سی سی ٹی وی فوٹیج میں پولیس اہلکار خون صاف کرتے ہوئے نظر آئے

جانچ رپورٹ ملنے کے بعد ملزمان کو برخاست کیا جائے گا۔ دراصل منیش گپتا کی اہلیہ میناکشی گپتا نے 29 ستمبر کو ایس ایس پی کو درخواست دے کر شوہر منیش گپتا کے پیٹ پیٹ کر قتل کئے جانے کا الزام لگایا تھا۔ ذرائع کے مطابق 8 دنوں کی جانچ کے بعد ایس پی نارتھ نے معطل کئے گئے سبھی پولیس اہلکاروں کو قصوروار بتایا ہے۔ انہوں نے ایس ایس پی کے پاس بھیجی جانچ رپورٹ میں ذکر کیا ہے کہ سبھی پولیس اہلکار قصوروار ہیں۔ انہوں نے سخت ڈسپلن شکنی کی ہے۔ محکمے کے قوانین سے چشم پوشی کی ہے۔ انہوں نے افسران کو جھوٹی اطلاع دی۔ پولیس اہلکاروں کی لاپروائی سے محکمے کی شبیہ خراب ہوئی ہے۔ ذرائع کے مطابق اطلاع ملی ہے کہ معطل پولیس اہلکاروں کے گھر نوٹس بھیجی جائے گی۔

'اف کتنی بے رحمی سے مارا، کتنا تڑپے ہوں گے منیش'

گورکھ پور واقعے کا سی سی ٹی وی فوٹیج دیکھ کر منیش کی اہلیہ میناکشی ہوئیں مضطرب

کانپور، (ایس این بی) 'مجھے پہلے دن سے ہی پتہ تھا کہ گورکھ پور پولیس قاتل ہے۔ پولیس نے بڑی بے رحمی سے پیٹ پیٹ کر میرے شوہر کو مار ڈالا۔ آخر میرے شوہر کا گناہ کیا تھا جو پولیس ایسی حیوانیت پر اتر آئی۔ پولیس نے ہوٹل کے کمرے میں ہی پوری واردات کو بڑی بے رحمی سے انجام دیا تھا کتنا تڑپے ہوں گے منیش، ان کے قاتل کبھی بھی سکون سے نہیں رہیں گے' یہ باتیں جمعرات کو پراپرٹی ڈیلر منیش گپتا کی بیوی میناکشی نے ہوٹل کے سی سی ٹی وی کیمروں کے فوٹیج دیکھنے کے بعد کہی۔ وہ فوٹیج دیکھ کر کافی پریشان ہوگئی ہیں۔

گورکھ پور کے ہوٹل میں پراپرٹی ڈیلر منیش گپتا کے ساتھ پولیس اہلکاروں نے جو کیا اس کا ویڈیو وائرل ہونے کے بعد وہ ویڈیو منیش کی بیوی کو بھی مل گیا۔ وہ ویڈیو دیکھ کر پریشان ہو اٹھیں۔ میناکشی نے بتایا کہ اس نے 100 سے زائد بار ویڈیو کو زوم کر کے دیکھا ہے جس میں منیش کے ہاتھ کا زخم انہیں نظر آیا۔ اس سے صاف ہے کہ پولیس نے ہوٹل کے کمرے میں ہی شوہر کو مار ڈالا۔ شوہر کے قتل کے بعد قاتل پولیس اہلکاروں نے ہوٹل ملازمین سے مل کر کمرے کی صفائی کرا کر ثبوت مٹائے اور شوہر کو جانوروں کی طرح گھسیٹ کر ہوٹل کے کمرے سے لے گئے تھے۔ ویڈیو دیکھنے کے بعد پریشان میناکشی کا کہنا ہے کہ ابھی تک یہ صاف نہیں ہو پایا ہے کہ آخر ایسی کون سی بات ہوئی کہ پولیس والوں کو شوہر کا قتل کرنا پڑ گیا۔ وہ شوہر کو تو کھو چکی ہیں لیکن اب ان کا مقصد قاتلوں کو سزا دلانا ہی ہے۔ دقت یہ ہے کہ 6 ملزمان میں ابھی تک کسی کی بھی گرفتاری نہیں ہوسکی۔ جب تک ملزمان کو گرفتار کر کے انہیں سزا نہیں مل جاتی تب تک منیش کو پورا انصاف نہیں ملے گا۔ میناکشی نے بتایا کہ شوہر کے غم کے ساتھ ہی اس کے سامنے ایک پریشانی بیٹے ابھیراج کو سمجھانے کی ہے۔ وہ مسلسل پاپا سے بات کرانے کی بات کہہ رہا ہے۔ اسے ہم اور رشتہ دار پاپا کام سے باہر جانے کی بات کہہ کر بہلا رہے ہیں لیکن کب تک؟ وہ مسلسل ضد کر رہا ہے۔ اسے کیسے بتائیں کہ بے رحم پولیس والوں نے اس کے پاپا کو اس سے ہمیشہ کیلئے چھین لیا ہے اب اس کے پاپا کبھی نہیں آئیں گے۔ یہ کہتے ہوئے میناکشی رو پڑیں تو اہل خانہ نے انہیں سنبھالا۔

تاجر منیش گپتا کے اہل خانہ کو امداد پر سیاست

بھاجپا کارکنان نے لگائی سی ایم کو شکریہ ادا کرنے کی ہورڈنگ



स्व. मनीष गुप्ता जी के परिवार की
मा. योगी आदित्यनाथ जी
मा. सुरेन्द्र मैथानी जी
का हार्दिक आभार व्यक्त करता है
नीरज गुप्ता

کانپور، (ایس این بی) گورکھ پور میں پولیس کی پٹائی سے ہلاک ہوئے تاجر منیش گپتا کے کنبے کو ریاستی حکومت کے ذریعہ معاوضہ و بیوی کو نوکری دئے جانے کو لے کر بھاجپا کارکنان کے ایک طبقے نے سیاست شروع کر دی ہے۔ انہوں نے شاستری چوک پر ممبر اسمبلی کی فوٹو شدہ ہورڈنگ لگوائی ہے۔ جس میں متاثرہ کنبے کی مدد کیلئے وزیر اعلیٰ کا شکریہ ادا کیا گیا ہے۔ ہورڈنگ میں ممبر اسمبلی سریندر میتھانی کی تصویر ہونے پر سیاست تیز ہوگئی ہے۔ جہاں مخالف پارٹیوں نے اسے افسوس کن قرار دیا وہیں ممبر اسمبلی سریندر میتھانی نے اسے لے کر حیرانی ظاہر کی اور کہا کہ ان کے علم میں نہیں ہے کہ یہ ہورڈنگ کس نے لگوائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس ہورڈنگ کو لگوانے کے متعلق تو سوچا بھی نہیں جاسکتا۔

بھاجپا کا منطقائی صدر بتا کر داروغہ کے بیٹے کو دی دھمکی

کانپور، (ایس این بی) بھاجپا کا رتن لال منڈل صدر بتا کر ایک داروغہ کے بیٹے کو جان و مال کی دھمکی دینے کا آڈیو جمعرات کو تیزی سے وائرل ہو رہا ہے۔ متاثرہ نے ملزم کے خلاف نوبستہ تھانے میں تحریر دیتے ہوئے بتایا کہ خود کو بھاجپا کا منطقائی صدر بتانے والا نوجوان جھوٹ بول رہا ہے۔ اگر اس کے ساتھ کچھ ہوا تو متعلقہ نوجوان ہی اس کا ذمہ دار ہوگا۔ پولیس نے متاثرہ کی تحریر پر تفتیش شروع کر دی ہے۔ نوبستہ گلمہر وہار ساکن پرتیک یادو نے بتایا کہ اس کے والد سنتوش یادو جھانسی کے ایک تھانے میں ایس آئی کے عہدے پر تعینات ہیں۔ پرتیک کے مطابق 4 دن قبل اس کا ایکسیڈنٹ ہوگیا تھا۔ تب سے وہ گھر پر پڑا ہے۔ اس نے بتایا کہ بدھ کو اس کے موبائل پر فون آیا۔ فون پر بولنے والے نوجوان نے خود کو بھاجپا کا رتن لال نگر منطقائی صدر ہرشت چوہان بتایا اور اس پر مار پیٹ کا جھوٹا الزام لگاتے ہوئے گالی گلوج کی۔ اتنا ہی نہیں اس کے والد کو نوکری سے ہٹوانے کی دھمکی دیتے ہوئے جان سے مارنے کی دھمکی دی۔ اس کے بعد اس نے فون کاٹ دیا۔ پرتیک نے جب نمبر کے متعلق معلومات حاصل کیں تو پتہ چلا کہ ہرشت چوہان بھاجپا کا ایک چھوٹا کارکن ہے۔ جمعرات کو دھمکی کا آڈیو تیزی سے وائرل ہونے لگا۔ متاثرہ نے تھانے میں متعلقہ نوجوان کے خلاف تحریر دی۔ نوبستہ پولیس نے بتایا کہ متاثرہ کی تحریر پر معاملے کی جانچ کی جارہی ہے۔

لکھنؤ پھاٹک پر 10 فٹ کا اژدھا نکلا

کانپور، (ایس این بی) کانپور سینٹرل کے لکھنؤ پھاٹک کے نام سے مشہور گیٹ نمبر 45 پر تقریباً 10 فٹ کا اژدہا نکلا جسے دیکھ کر گیٹ مین نے دہشت میں کئی بار اپنے افسران کو فون کیا پر کوئی بھی مدد کرنے نہیں پہنچا۔ گیٹ مین جہاں سے پھاٹک بند کرنے اور کھولنے کی کوشش کرتا رہا اسی کیبن میں باکس کے نیچے اژدہا گھسا ہوا تھا۔

موم بتیاں جلا کر لکھیم پور کے مہلوک کسانوں کو خراج عقیدت

کانپور، (ایس این بی) آل انڈیا مائنارٹی بورڈ کے زیر اہتمام جمعرات کو بڑے چوراہے پر بھارت ماتا مجسمے کے سامنے موم بتیاں جلا کر مظاہرہ کیا گیا اور لکھیم پور معاملے میں ہلاک کسانوں کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ بورڈ کے بینر تلے بڑی تعداد میں لوگ دیر شب بڑے چوراہے پر بھارت ماتا مجسمے کے سامنے جمع ہوئے اور موم بتیاں جلا کر لکھیم پور کھیری میں ہلاک کسانوں کی روح کی تسکین کیلئے دعا کی۔

अखिल भारतीय अल्पसंख्यक बोर्ड के तत्वावधान में
लखीमपुर खीरी में किसानों पर हुए नरसंहार में मारे गये किसानों की
भावभीनी श्रद्धांजलि सभा

اس موقع پر مقررین نے لکھیم پور میں ہوئے واقعے کو بہیمانہ اور افسوس ناک قرار دیتے ہوئے اس طرح کے واقعات پر روک لگانے اور قصوروار لوگوں کے خلاف سخت کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا۔ پروگرام میں خاص طور پر دھنی رام پینتھر، ہروندر سنگھ لارڈ، قاضی شہر حافظ عبد القدوس ہادی، پاسٹر جیتندر سنگھ، ڈاکٹر آنند، امیش پینتھر، راکیش راؤ، چندن نشاد، دیپو یادو، راہل گوتم، برجیش گوتم وغیرہ تھے۔

جی ایس وی ایم ہاسٹل سے غائب طلباء کے والدین کالج طلب

کانپور، (ایس این بی) جی ایس وی ایم میڈیکل کالج میں کلاس سے غائب رہنے والے 112 طلباء کے اہل خانہ کو نوٹس بھیج کر کالج طلب کیا گیا ہے۔ طلباء کو سخت سزا دینے کی تیاری میں پراکٹوریل بورڈ نے یو جی سی کی گائڈ لائن کے تحت ضابطے طے کئے ہیں۔ والدین کے بیانات درج ہونے کے بعد سزا طے ہوگی۔

میڈیکل کالج انتظامیہ کو ملی خفیہ معلومات پر کلاس روم کے بعد ہاسٹلوں میں چھاپے مارے گئے تھے۔ 237 طلباء و طالبات کے کلاس میں 125 ہی موجود تھے۔ باقی غائب تھے۔ 40 طلباء ہاسٹل میں ملے باقی کا پتہ نہیں چل سکا۔ اس بیچ پراکٹوریل بورڈ نے ایمرجنسی میٹنگ کر کے سبھی طلباء کے اہل خانہ کو نوٹس بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس بیچ ہاسٹل میں سختی کر دی گئی ہے۔ 3 بار وارڈن ہاسٹلوں کی جانچ اور حاضری لیں گے۔ ادھر کئی طلباء نے ممبران اسمبلی وغیرہ عوامی نمائندوں سے فون کرانا شروع کر دیا ہے۔ اس پر کالج انتظامیہ نے سخت اعتراض ظاہر کیا ہے اور ان سے کہا ہے کہ درس و تدریس کے معاملے میں ڈسپلن شکنی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ایم بی بی ایس سیکنڈ ایئر کے طلباء کا پرفارمینس بہتر نہیں ہے۔ 80 فیصد طلباء کا پرفارمینس مایوس کن ہے۔ پرنسپل پروفیسر سنجے کالا نے بتایا کہ ہر طالب علم کا رپورٹ کارڈ بنے گا۔ انہوں نے بتایا کہ فی الحال طلباء سے معافی نامہ لے کر کلاس میں شامل ہونے کی منظوری دے دی جائے گی۔

جمعیۃ علماء کانپور کے کیمپ میں بڑی تعداد میں بھرے گئے ووٹر فارم

کانپور، (پریس ریلیز) جمعیۃ علماء شہر کانپور کے زیر اہتمام قاضی شہر حافظ وقاری عبدالقدوس ہادی کی قیادت و سرپرستی میں ووٹر بیداری مہم چلائی جا رہی ہے۔ اسی مہم کے تحت کرنل گنج گموں خاں کا احاطہ پولیس چوکی کے پاس ایک کیمپ لگایا گیا جس میں بڑی تعداد میں لوگوں نے کیمپ میں موجود ووٹر لسٹوں میں اپنے ناموں کی جانچ کی۔ اور نام نہ ہونے یا غلط نام درج ہونے پر نام درج کروانے اور غلط ناموں کو صحیح کروانے کے لئے فارم بھرے۔ کیمپ میں جمعیۃ علماء کے رضا کار فارم 7 ,6 اور 8 لے کر بیٹھے تھے تاکہ لوگوں کو کیمپ پر ہی فارم دستیاب ہوں وہ کیمپ پر ہی فوری طور فارم بھر سکیں اور فارم کے لئے بھٹکنا نہ پڑے۔ اس موقع پر ووٹر بیداری مہم کے کنوینر مجیب اکرام نے بتایا کہ اس مہم میں جمعیۃ علماء کے رضا کار مختلف علاقوں میں کیمپ لگا رہے ہیں یہ کیمپ الیکشن کمیشن کی (مت داتا ابھیان) ووٹر مہم اور عوام کے درمیان رابطے کا کام کریں گے، ان کیمپوں کے ذریعہ آسانی سے فارم بھرنے کی جانکاری عوام کو دی جارہی ہیں اور حتی الامکان جمعیۃ علماء کے رضا کار فارم بھروا رہے ہیں اور عوام میں بیداری پیدا کر رہے ہیں تاکہ وہ ان کیمپوں سے فیضیاب ہوں اور آئندہ الیکشن میں اپنے حق رائے دہی کا استعمال کر سکیں۔ کیمپ میں پرویز احمد، انصار، اخلاق، محمد اسلم، منصور احمد، سدید الدین وغیرہ بطور خاص موجود رہے۔

مسیحی سماج پر حملوں کے خلاف ناراضگی، دھرنا دینے کا انتباہ

کانپور، (ایس این بی) مسیحی سماج کے لوگوں کے ساتھ ہو رہے جرائم کے خلاف سماج کے لوگوں میں ناراضگی ہے۔ جلد ہی اسے لے کر دھرنا دیا جائے گا۔ یہ بات پاسٹرس سوشل ویلفیئر ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام سینٹ فرانس زیویئر انٹر کالج میں منعقدہ ہندوستانی آئین میں حاصل بنیادی حقوق سے متعلقہ بیداری تربیتی پروگرام میں ایسوسی ایشن کے سکریٹری پادری ڈائمنڈ یوسف نے کہی۔

انہوں نے کہا کہ جلد ہی مسیحی سماج ریاست بھر سے پادری و مسیحی سماج کے نمائندوں کو تیار کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے واقعات مسیحی سماج کے چرچ پر ہوں تو آپ اس کی ویڈیوگرافی کراتے ہوئے اپنے پیغامات کو پیش کریں۔ اگر کوئی آپ کے یہاں آکر ہنگامہ کرتا ہے تو اس کی بھی ویڈیوگرافی ہو جائے گی اور جب پولیس موقع پر پہنچے گی تو آپ اس کو اپنی بے گناہی کا ثبوت پیش کرتے ہوئے غیر سماجی عناصر کے خلاف قانونی کارروائی کا مطالبہ کر سکتے ہیں۔ اس موقع پر حاجی محمد سلیس، سنجیو سائلس، مائکل پٹرس، انل بالی، سندیپ سالومن، سیمسن سنگھ، جانی اسٹیفن، سندیپ، منوج کمار، مونیکا ولیم، ڈاکٹر پیٹرک ایم لال، منوج مکرٹل، ڈانلیو، راہل جیمس، سمت میسی وغیرہ موجود تھے۔

चिंतन शिविर
आयोजनकर्ता
पास्टर सोशल वेलफेयर एसोसिएशन
उत्तर प्रदेश (रजि.)

ربیع الاول کا چاند نظر آ گیا

29 صفر المظفر مطابق 7 اکتوبر بروز جمعرات کو مجلس علماء مرکزی رویت ہلال کمیٹی کانپور کی نشست کے بعد صدر مجلس مفتی اقبال احمد قاسمی نے یہ اعلان کیا کہ چاند کی تصدیق ہو گئی ہے لہٰذا یکم ربیع الاول 8 اکتوبر بروز جمعہ کو ہوگی۔ مجلس علماء کی نشست میں حافظ معمور احمد جامعی قاسمی شہر کانپور، مولانا مختار احسن جامعی، مولانا سمیع اللہ قاسمی، مفتی عبدالرشید قاسمی، مفتی عثمان قاسمی، صادق کمال وغیرہ موجود رہے۔

قومی رویت ہلال کمیٹی جامعہ عربیہ اشاعت العلوم قلی بازار میں منعقد ہوئی جس میں کہا گیا کہ کانپور کا مطلع ابر آلود ہونے کی وجہ سے چاند نظر نہیں آیا لیکن دیگر مقامات سے چاند کے ہونے کی اطلاعات موصول ہوئیں اس لئے کمیٹی کے صدر الحاج حافظ وقاری عبدالقدوس ہادی قاضی شہر کانپور نے یہ اعلان کیا کہ یکم ربیع الاول بروز جمعہ 8 اکتوبر اور 12 ربیع الاول بروز منگل 19 اکتوبر کو ہوگی۔

سنی مرکزی رویت ہلال کمیٹی کے صدر قاضی شہر مفتی ثاقب ادیب مصباحی نے چاند کی تصدیق نہیں کی۔

عرس اعلیٰ حضرتؒ بریلی میں زائرین پر پولیس کی زیادتی ناقابل برداشت : قاضی شہر

کانپور، (پریس ریلیز) 4 اکتوبر بروز منگل کو امام احمد رضا خاںؒ کا 103 واں عرس پاک تھا جس میں ملک و بیرون سے اعلیٰ حضرتؒ کے ماننے والے شریک تھے۔ حکومتی گائڈ لائن کے مطابق عرس کی تقریبات چل رہی تھیں کہ اچانک پولیس اپنا رویہ بدلتے ہوئے زائرین کے ساتھ بدسلوکی کرنے لگی اور پرامن فضا کو خراب کر دیا۔ یہ واقعہ شہادت گنج میں پیش آیا پھر اعلیٰ افسران نے سخت نوٹس لیتے ہوئے ماحول کو پرامن کیا لیکن اعلیٰ حضرت کے کچھ مہمانوں کے ساتھ سخت زیادتی کی گئی۔ گرفتار کیا گیا اور مقدمات بھی درج کئے گئے۔ ہم اس واقعے کی سخت مذمت کرتے ہیں اور رہائی اور مقدمے واپس لینے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ خانقاہ رضویہ کے ذمہ داران کی گائڈ لائن کے ہم منتظرین قاضی شہر ڈاکٹر مفتی محمد یونس رضا اویسی نے ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے مذکورہ باتیں کہیں۔ ڈاکٹر سلطان ہاشمی صدر اسلامک مشن نے کہا کہ یہ واقعہ قابل افسوس ہے اور قابل مذمت بھی ہے۔ مفتی اعظم کانپور مولانا شہباز انور نوری نے سرپرستی کرتے ہوئے کہا کہ عرس اعلیٰ حضرت سے پوری دنیا میں امن و آشتی کا پیغام دیا جاتا ہے۔ مولانا مظفر حسین مصباحی نے اعلیٰ حضرت کا تعارف کراتے ہوئے کہا کہ عقیدت مندوں کا دل ہمیشہ بریلی کی طرف جھکا رہتا ہے۔ اس موقع پر شمس القمر رحمانی، مفتی عرفان امجدی، قاری اظہر نوری، صوفی لعل محمد، نوشاد رضا ازہری، نیاز الدین خاں منا، حاجی عزیز احمد رضوی، حاجی صغیر احمد رضوی، محمد ریحان، محمد شہنواز خاں، کلیم انور، حافظ محمد یونس، مولانا آصف اقبال، حافظ محمد طارق ازہری، قاری محمد اسرار، قاری محمد شہود رضا وغیرہ موجود تھے۔

سینئر آئی اے ایس افتخار الدین سے پھر ہوئی 4 گھنٹے پوچھ گچھ

کانپور، (ایس این بی) سینئر آئی اے ایس اور روڈویز کے چیئرمین محمد افتخار الدین سے ایس آئی ٹی نے جمعرات کو بھی 4 گھنٹے تک پوچھ گچھ کی۔ اس دوران انہیں وائرل ہوئے ویڈیو دکھا کر سوال پوچھے گئے۔ ایس آئی ٹی سے جڑے افسران کے مطابق سینئر آئی اے ایس سروس رولس توڑنے کے معاملے میں قصوروار مانے جاسکتے ہیں۔ پوچھ گچھ کے دوران سینئر آئی اے ایس یہی کہتے رہے کہ انہوں نے جو بھی کہا ہے وہ قرآن میں لکھا ہوا ہے۔ انہوں نے کچھ غلط نہیں کہا۔ ایس آئی ٹی اتوار تک اپنی رپورٹ حکومت کو سونپ سکتی ہے۔

ضروری اطلاع

قارئین کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اس اخبار میں شائع ہونے والے کسی اشتہارات پر کارروائی کرنے سے پہلے پوری تحقیق کرلیں اور مناسب صلاح لے لیں۔ کوئی بھی سہکار ممبر جو اس اخبار میں شائع کسی اشتہار جیسے نام، نوکری، قرض سے متعلق یا دیگر کسی بھی طرح کے سلسلہ میں کوئی رقم بھیجتا ہے یا کسی طرح صلاح پر کوئی کارروائی یا خرچ کرتا ہے یا کوئی وعدہ کرتا ہے تو ایسا وہ اپنے خود کے ضمیر، عقل اور جوکھم پر کریں گے۔ کمپنی، ناشر یا ان کا کوئی ملازم اشتہار دہندہ کے ذریعہ ان کے کسی پروڈکٹ یا سروس کے لیے کیے گئے کسی دعوے کی سچائی کی یقینی دہانی نہیں کراتے اور ایسے اشتہارات پر یقین کرکے کسی شخص کو ہوئے کسی خسارے، نقصان اور نتائج کے لیے ذمہ دار نہیں ہوں گے۔

منظوری سے زائد گاڑی دوڑانے میں 10 افسران پر ریکوری طے

کانپور، (ایس این بی) نگر نگم میں افسران کے ذریعہ منظور دوری سے زائد گاڑی دوڑانے اور سرکاری گاڑیوں کو نجی استعمال میں لئے جانے کی شکایت کی جانچ میں 10 افسران پر ریکوری طے کی گئی ہے۔ جانچ کمیٹی نے پورے معاملے کی جانچ کے بعد قصوروار پائے گئے افسران سے رقم وصول کر کے سیدھے سروس پرووائڈر کے کھاتے میں جمع کرانے کی منظوری دی ہے۔ یہ معاملہ گزشتہ ماہ سامنے آنے کے بعد افسران کی ٹیم تشکیل کر کے اس کی جانچ کرائی گئی تھی۔ ذرائع کے مطابق کمیٹی نے جانچ کے بعد جو رپورٹ دی ہے اس میں کئی افسران کو سرکاری گاڑی کو نجی استعمال میں لئے جانے اور منظور دوری سے زائد گاڑی دوڑانے کیلئے قصوروار پایا گیا ہے۔ جانچ رپورٹ کے مطابق زون 3 اور زون 6 کے زونل افسر، زون 2 و زون 4 کے ایگزیکٹو انجینئر، اسسٹنٹ میونسپل کمشنر، زون 1 و زون 3 کے زونل صفائی افسر اور زون 1، 2 اور 3 کے ٹی ایس کو منظور دوری سے زائد گاڑی دوڑانے کا قصوروار پایا گیا ہے۔ ان سبھی پر کل ملا کر 62412 روپے کی ریکوری طے کی گئی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ یہ سبھی افسر نجی کام میں گاڑی کا استعمال کرنے کے قصوروار پائے گئے ہیں۔ ایسے میں ان کے ذریعہ گاڑی پر ہوئے زائد خرچ کی وصولی کر کے سیدھے گاڑی کرائے پر دینے والی کمپنی کے کھاتے میں جمع کرایا جائے۔ ذرائع کے مطابق 3 افسران کی کمیٹی نے اپنی یہ رپورٹ تو دے دی ہے لیکن ابھی تک اس پر کارروائی نہیں کی گئی ہے۔

ملاوٹی مسالوں کا کاروبار کرنے والے پکڑے گئے

کانپور، (ایس این بی) میتھی، دلیا کی ری پیکنگ کے پس پشت لال مرچ کی جگہ کشمیری پاؤڈر کی پیکنگ کر کے فروخت کرنے والی فرم شرد ٹریڈنگ میں چھاپہ ماری کر کے فرم مالکان پر کارروائی کی ہے۔ فوڈ افسر وی پی سنگھ نے بتایا کہ یشودا نگر واقع شرد ٹریڈنگ فرم میں چلائے جا رہے ادارے میں کسوری میتھی و دلیا کی ری پیکنگ اور فروخت کے پس پشت مہاراجہ برانڈ کشمیری پاؤڈر اور سواستک برانڈ کشمیری پاؤڈر کی مینوفیکچرنگ کرتے ہوئے تاجروں کو پکڑ کر پولیس کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ مسٹر سنگھ نے بتایا کہ سنجے کمار سنگھ چیف فوڈ افسر کی قیادت میں تشکیل ٹیم نے چھاپہ ماری کر کے غیر معیاری پروڈکٹس بنانے والی فرم کے مالک شرد واوِناش کمار گپتا کو پکڑ کر پولیس کو سونپ دیا۔ کشمیری پاؤڈر انسانی صحت کیلئے مضر ہے باوجود اس کے فرم مالکان کے ذریعہ اس کو ریاست کے کئی اضلاع کے تاجروں و ریسٹورنٹ مالکان کو فروخت کیا جا رہا تھا۔

12 سال بعد پہنچا پانی، لوگ خوشی سے جھوم اٹھے

کانپور، (ایس این بی) جمعرات کو ہربنش محال، دانہ خوری وارڈ، گڑریا محال، تلیانہ، موتی محال، ہولا گنج سمیت 55 ہزار کی آبادی کو اب پانی کیلئے پریشان نہیں ہونا پڑے گا۔ جل نگم کی ٹیسٹنگ میں واٹر لائن سے فوارہ پھوٹ پڑا۔ لوگ اتنا خوش ہوئے کہ پانی کے آنے پر رقص کرنے اور جشن منانے لگے۔

جے این این یو آر ایم اسکیم کے تحت بنی مالویہ پارک میں انڈر گراؤنڈ ٹنکی پھول باغ زونل پمپنگ اسٹیشن سے کنیکٹ کر دی گئی ہے۔ گزشتہ 15 دنوں سے اس پر کام چل رہا تھا۔ جمعرات کو ٹیسٹنگ کی گئی تو کہیں بھی واٹر لائن نہیں پھٹی۔ پانی آتے ہی مقامی لوگوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔

جل نگم کی ٹیسٹنگ کے بعد میری لال چوراہا پر ڈاک خانے کے پاس واقع والو کو کھول کر دیکھا تو وہاں پر تیز پریشر سے پانی آ گیا تھا۔ مین لائن میں پانی آتا دیکھ کر مقامی لوگوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ اب انہیں سیدھے گھروں میں نل سے ہی تیز پریشر کے ساتھ پانی مل جائے گا۔ معلوم ہو کہ مالویہ پارک میں جے این این یو آر ایم اسکیم کے تحت 12 سال پہلے انڈر گراؤنڈ ٹنکی بنائی گئی تھی۔ اب جا کر پانی کی سپلائی شروع ہوسکی۔

ٹیسٹنگ کے دوران ممبر اسمبلی ایتا بھ باجپئی بھی موجود رہے۔ مقامی کارپوریٹر ببلو مہروترا نے بتایا کہ لائن کی کامیاب ٹیسٹنگ ہوگئی ہے۔

خریداری کرنے گئی لڑکی لاپتہ، اغوا کا الزام

کانپور، (ایس این بی) چکیری تھانہ حلقے میں گھر سے خریداری کرنے گئی ایک لڑکی کے لاپتہ ہو جانے پر اہل خانہ نے دو نوجوانوں پر اغوا کا الزام لگاتے ہوئے تھانے میں تحریر دی۔ پولیس نے متاثرہ اہل خانہ کی تحریر پر ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔ جاج مئو ساکن ایک ملٹری ملازم نے بتایا کہ 6 اکتوبر کی شب اس کی 21 سالہ بہن گھر سے 20 ہزار روپے لے کر خریداری کرنے لال بنگلہ واقع بازار گئی تھی۔ دیر شب تک جب وہ گھر نہیں لوٹی تو اہل خانہ کو تشویش ہوئی۔ اہل خانہ نے اس کے موبائل پر فون کیا لیکن وہ بند ملا۔ کافی تلاش کرنے کے بعد بھی اس کا پتہ نہیں چل سکا۔ اس کے بعد اہل خانہ نے تھانے میں تحریر دیتے ہوئے بتایا کہ علاقے میں رہنے والے جتن اور آصف کا اس کے گھر آنا جانا تھا۔ گزشتہ دنوں دونوں نے بہن سے چھیڑ خانی کی تھی۔ اس پر اہل خانہ نے انہیں بھلا برا کہہ کر بھگا دیا تھا۔ متاثرہ کا کہنا ہے کہ انہیں دونوں نے بہن کو اغوا کیا ہے۔

حلیم انگلش اسکول میں اسٹاف سے مار پیٹ کا الزام، تھانے میں سمجھوتہ

کانپور، (ایس این بی) حلیم مسلم انگلش اسکول میں جمعرات کو تنازع کے بعد مار پیٹ کے معاملے میں فریقین میں سمجھوتہ ہوگیا۔ معلوم ہو کہ حلیم مسلم انگلش اسکول میں آئے دن تنازعات کے سبب ماحول کشیدہ ہو جاتا ہے جس کا اثر وہاں تعلیم حاصل کرنے والے بچوں اور اساتذہ پر پڑتا ہے۔ جمعرات کو حلیم انگلش اسکول کی پرنسپل صبا خان نے چمن گنج تھانے میں تحریر دی کہ اسکول میں عمران رانا نام کا ایک شخص اپنے 12-10 ساتھیوں کے ساتھ داخل ہوا اور اسکول کے درجہ چہارم ملازم ابھیشیک کی پٹائی کر دی اور سریا سے پیر پر مارا۔ اس کے ساتھ ہی ابھیشیک کے 1370 روپے اور اس کی ایک تولہ سونے کی زنجیر چھین لی اس کے ساتھ ہی پرنسپل کو بھی پیٹا اور گالیاں دینے کے ساتھ ہی جان سے مارنے کی دھمکی دی۔ اس کے ساتھ ہی کیش کاؤنٹر جہاں سیلری تقسیم کی جا رہی تھی وہاں کا شیشہ توڑ دیا اور اسکول کا نقصان کیا۔ تحریر میں انہوں نے بتایا کہ اس پورے واقعے کا گواہ پورا ٹیچنگ و دیگر اسٹاف رہا اور بیچ بچاؤ کیا۔ اس معاملے میں چمن گنج ایس او کا کہنا ہے کہ حلیم انگلش اسکول میں جھگڑے کی اطلاع پر پولیس نے فریقین کو تھانے بلوایا تھا جہاں پر فریقین نے ایک دوسرے پر مار پیٹ کا الزام لگایا۔ فریقین میں سمجھوتہ کرا دیا گیا ہے۔

اوقات نماز

فجر	4:48
ظہر	11:56
عصر	3:18
مغرب	5:48
عشاء	7:05
طلوع آفتاب	6:04